ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (316)

مورخہ 07/06/2023

# بہاولپور() تھانہ سول لائنز پولیس کا جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کریک ڈاون۔مختلف مقدمات میں 02 ملزمان گرفتار۔گرفتار ملزمان سے چوری شدہ موبائل اور منشیات برآمد۔ بہاولپور پولیس کی طرف سے منفی عناصر سے آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے گا۔ڈی پی اوسید محمد عباس

تفصیلات کے مطابق آئی جی پنجاب کی جرائم کی سرکوبی کیلئے جاری ہدایات پر عملدرآمد کو یقینی بناتے ہوئے ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کی طرف سے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف جاری مہم میں بڑی کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔تھانہ سول لائنز پولیس نے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کاروائی کرتے ہوئے دوران انٹیروگیشن گرفتار ملزم زمرد حسین عرف گوگا کے انکشاف پر 1540 گرام چرس برآمد کرلی جبکہ سول لائنز پولیس نے شہریوں کے قیمتی گیجٹس چرانے والوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے صبح کے وقت ہاسٹلز سے موبائل چوری کرنے والے ملزم امتیاز شاہ کو گرفتار کرکے اس کے قبضہ سے لاکھوں روپے مالیت کے 12 عدد قیمتی موبائل اور نقدی برآمد کرلی۔گرفتار ملزمان کے خلاف علیحدہ علیحدہ مقدمات درج کر لیے گئے،ملزمان سے مزید تفتیش جاری ہے۔اس موقع پر ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس نے اپنے پیغام میں کہا کہ ایسے گھناؤنے جرائم کرنے والے افراد کے خلاف اسی طرح کریک ڈاؤن کرتے ہوئے مزید موثر کارروائیاں عمل میں لائی جائیں گی تاکہ معاشرے کو ایسے منفی عناصر سے پاک کیا جاسکے۔عوام الناس کے جان و مال کا تحفظ یقینی بنانے کے لئے بہاولپور پولیس شب وروز مصروف عمل ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ بہاولپور پولیس منفی عناصر سے آہنی ہاتھوں سے نمٹے گی۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاولپور: تھانہ سول لائنز پولیس کا جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کریک ڈاون،مختلف مقدمات میں چوری شدہ موبائل اور منشیات سمیت 02 ملزمان گرفتار

ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (317)

مورخہ 07/06/2023

## آر پی او رائے بابر سعید نے 90 اسسٹنٹ سب انسپکٹر کو سب انسپکٹر اور 199 ہیڈ کانسٹیبل کو اسسٹنٹ سب انسپکٹرز کے عہدہ پر ترقی دے دی۔ نوٹیفیکیشن جاری۔ آر پی او آفس بہاولپور میں انسپکٹرز، سب انسپکٹرز اور اسسٹنٹ سب انسپکٹر کو ترقی کے بیج لگانے کی تقریب کا انعقاد کیا گیا۔

بہاولپور( ) آر پی او بہاولپور رائے بابر سعید کی زیر صدارت ریجنل پولیس آفس میں محکمانہ پروموشن بورڈ کا اجلاس منعقد ہوا جس میں ترقی کے معیار پر پورا اترنے والے پولیس آفیسرز کی سینیارٹی، قابلیت اور کارکردگی کو مدنظر رکھتے ہوئے ترقی دے دی گئی۔ تفصیل کیمطابق ریجنل پولیس آفس میں آر پی او رائے بابر سعید کی زیر صدارت محکمانہ پروموشن بورڈ کا اجلاس ہوا۔ پروموشن بورڈ ممبران میں ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس، ڈی پی او بہاولنگر سید علی رضا اور ڈی پی او رحیم یار خان رضوان عمر گوندل شامل تھے۔ سنیارٹی اور قابلیت کو مدنظر رکھتے ہوئے ریجن بھر سے 90 اسسٹنٹ سب انسپکٹر کو سب انسپکٹر اور 199 ہیڈ کانسٹیبل کو اسسٹنٹ سب انسپکٹرز کے عہدہ پر ترقی دے دی گئی۔ جس کا نوٹیفیکیشن بھی جاری کر دیا گیا۔ انسپکٹر جنرل آف پنجاب پولیس ڈاکٹر عثمان انور نے ریجن بہاولپور کے 57 سب انسپکٹرز کو انسپکٹر کے عہدہ پر ترقی دے دی۔ آر پی او آفس بہاولپور میں انسپکٹرز، سب انسپکٹر اور اسسٹنٹ سب انسپکٹر کو ترقی کے بیج لگانے کی تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں آر پی او بہاولپور رائے بابر سعید، ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس اور ایس پی انوسٹی گیشن سلمان لیاقت نے ضلع بہاولپور کے سب انسپکٹر سے انسپکٹر کے عہدہ پر ترقی پانے والے محمد منیر، عابد حمید، محمد فیصل امین، رئیس رحمان، شہزاد سرور، محمد سہیل عامر، خرم زکاء راجا، فرحان حسین، غلام مصطفی بلوچ، محمد غلام عباس، محسن سردار، نصرت محمود، سجاد احمد، محمد ریاض، محمد عاصم ایوب، ندیم عمران، عمر حیات، اکرم ذکی کو ترقی کے بیج لگائے۔ اسسٹنٹ سب انسپکٹر سے سب انسپکٹر کے عہدہ میں ترقی پانے والے اعجاز احمد، نعیم اختر، فہیم عباس، تنویر اختر، عمران کریم گیلانی، خواجہ جاوید، سراج تبسم اور ایاز محمود کو ترقی کے بیج لگائے۔ ہیڈ کانسٹیبل سے اسسٹنٹ سب انسپکٹر کے عہدہ پر ترقی پانے والے محمد طاہر بھٹی، ملک یاسر محمود، راؤ وسیم، محمد رمضان، محمد ارشد، اللہ دتہ، محمد اسماعیل، شاہد چنڑ، اصغر عباسی، محمد خالد کو ترقی کے بیج لگائے۔ آر پی او نے ترقی پانے والوں کے لیے مبارکباد اور نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاولپور: ریجنل پولیس آفیسر رائے بابر سعید، ایس پی انوسٹی گیشن سلمان لیاقت اگلے رینک میں ترقی پانے والے انسپکٹرز، سب انسپکٹر اور اے ایس آئیز کو ترقی کے بیج لگا رہے ہیں



بہاولپور: ریجنل پولیس آفیسر رائے بابر سعید، ڈی پی او سید محمد عباس اگلے رینک میں ترقی پانے والے انسپکٹرز، سب انسپکٹرز اور اے ایس آئیز کو ترقی کے بیج لگا رہے ہیں



بہاولپور: ریجنل پولیس آفیسر رائے بابر سعید، ڈی پی او سید محمد عباس اور ایس پی انوسٹی گیشن سلمان لیاقت اگلے رینک میں ترقی پانے والے انسپکٹرز، سب انسپکٹرز اور اے ایس آئیز کو ترقی کے بیج لگا رہے ہیں



بہاولپور: ریجنل پولیس آفیسر رائے بابر سعید، ڈی پی او سید محمد عباس اور ایس پی انوسٹی گیشن سلمان لیاقت اگلے رینک میں ترقی پانے والے انسپکٹرز، سب انسپکٹرز اور اے ایس آئیز کو ترقی کے بیج لگا رہے ہیں